[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 10222** **L**

Unique Paper Code : 2142202402

Name of the Paper : Classical Prose DSC 8

Name of the Course : **B.A. (P) Urdu**

Semester : IV

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

ا۔ ذیل کے اقتباسات میں سے ایک کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے:

(الف)

”میرن صاحب کہاں ہیں؟ کوئی جائے اور بلا لائے۔ حضرت آئے۔ سلام علیکم، مزاج مبارک، کہیے مولوی مظہر علی نے آپ کے خط کا جواب بھیجا یا نہیں؟ اگر بھیجا تو کیا لکھا؟ میں جانتا ہوں کہ میر اشرف علی صاحب اور میر سرفراز حسین اور یہ ستم پیشہ میر مہدی بہت آپ کی جناب میں گستاخیاں کرتے ہیں۔ کیا کروں میں کہیں تم کہیں۔ وہاں ہوتا تو دیکھتا کہ کیوں کر تم سے بے ادبیاں کرتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب ایک جا ہوں گے تو انتقام لیا جائے گا۔ ہے ہے کیوں کر ایک جا ہوں گے دیکھیے زمانہ اور کیا دکھائے گا۔ اللہ اللہ اللہ“

(ب)

"غرض بہت سی تاکید کر کر کہنے لگی کہ میں بدبخت ملک دمشق کے سلطان کی بیٹی ہوں اور وہ سلاطینوں سے بڑا بادشاہ ہے۔ سوائے میرے کوئی لڑکا بالا اس کے یہاں نہیں ہوا۔ جس دن سے میں پیدا ہوئی ماں باپ کے ناز ونعم کے سائے میں ناز ونعمت اور خوشی خرمی سے پلی، جب ہوش آیا تب اپنے دل کو خوب صورتوں اور نازنینوں کے ساتھ لگایا چناچہ ستھری ستھری پری زاد ہمجولی امرازادیاں، مصاحبت میں اور اچھی اچھی قبول صورت ہم عمر خواصیں سہیلیاں خدمت میں رہتی تھیں تماشا ناچ اور راگ رنگ کا ہمیشہ دیکھا کرتی دنیا کے بھلے برے سے کچھ سروکار نہ تھا۔ اپنی بےفکری کے عالم کو دیکھ کر سوائے خدا کے شکر کے کچھ منہ سے نہ نکلتا تھا۔"

۲۔ اردو نثر کے ابتدائی نقوش پر روشنی ڈالیے۔

۳۔ اردو نثر کے عہد بہ عہد ارتقا پر سیر حاصل تبصرہ کیجیے۔

۴۔ میرامن کی نثر نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ رانی کیتکی کی کہانی کا اسلوبیاتی جائزہ پیش کیجیے۔

۶۔ 'انشا اللہ انشا کی نثر نگاری' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

۷۔ غالب کی خطوط نگاری کی اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے

۸۔ اردو میں مکتوب نگاری کے ارتقا پر اظہار خیال کیجیے۔